# Sample Question Paper 2026-2027

| | |
|---|---|
| Subject | Urdu |
| Course | A |
| Code | 003 |
| Class | X |

**Time:** 3 Hours **Maximum Marks:** 80

**ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **چار** حصے ہیں جن میں **18 سوالات** پوچھے گئے ہیں۔

(ii) حصہ **'الف'** – 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' کے حوالے سے- **20** نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ **'ب'** – 'تحریری مہارت' کے حوالے سے - **25** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ **'ج'** ۔'عملی قواعد' کے حوالے سے - 20 نمبر کا ہے۔

(v) حصہ **'د'** – 'ادب' کے حوالے سے - **15** نمبر کا ہے۔

(vi) **ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔**

## Instructions:

(i) This Question paper contains four Sections and **18 Questions.**

(ii) Section - **A** 'Reading and Comprehension' carries **20** marks.

(iii) Section - **B** 'Writing Skills' carries **25** marks.

(iv) Section - **C** 'Functional Grammar carries **20** marks.

(v) Section - **D** 'Literature' carries **15** marks.

(vi) **Attempt answer as per the instructions.**



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

## Section A (حصہ الف)

**سوال نمبر1۔** مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ (1x5=5)

اردو پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ یہ مخلوط زبان ہے۔اس سے تو انکار نہیں ہو سکتا کہ یہ ٹھیٹ ہندوستانی زبان ہے۔اب رہی یہ بات کہ یہ مخلوط ہے تو مخلوط ہونا کوئی عیب نہیں بلکہ ایک اعتبار سے خوبی ہے۔یوں تو دنیا میں کوئی زبان خالص نہیں۔ ہر زبان نے کسی نہ کسی زمانے میں دوسری زبانوں سے کچھ نہ کچھ لفظ لئے ہیں۔ یہاں تک کہ جو زبانیں مقدس کہلاتی ہیں وہ بھی اچھوتی نہیں۔مخلوط زبان میں ہوتا یہ ہے کہ غیر زبان جو کسی قوم کو سیکھنی پڑتی ہے، مخلوط نہیں ہوئی بلکہ اس کی اپنی زبان غیر زبان کے میل سے مخلوط ہوجاتی ہے۔بعینہ یہی حال مسلمانوں کے آنے کے بعد ہوا، فارسی مخلوط نہیں ہوئی بلکہ مقامی زبان فارسی سے مخلوط ہو کر ایک نئی زبان بن گئی۔یہ بھی ایک مسلم ثبوت ہے کہ غیر زبان کے لفظ جو کسی زبان میں داخل ہوجاتے ہیں یا کسی زبان کو مخلوط کرتے ہیں تو اصلی زبان کے صرف و نحو کو ہاتھ نہیں لگاتے۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) بھولا (B) نیا قانون (C) مخلوط زبان (D) آزمائش

(ii) مندرجہ بالا اقتباس کے مصنف کون ہیں؟

(A) مولوی عبد الحق (B) الطاف حسین حالی (C) محمد مجیب (D) سرسید احمد خان

(iii) اردو پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ یہ..........زبان ہے۔(خالی جگہ پر کیجیے)۔

(iv) دنیا میں کون سی زبان خالص ہے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) مقامی زبان فارسی سے مخلوط ہو کر کیا بن جاتی ہے؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

**سوال نمبر2۔** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جواب لکھیے۔ (1x5=5)

ہوا، پانی اور غذا ہماری صحت اور زندگی کے لیے ضروری ہیں۔ بے احتیاطی اور بے قاعدگی سے ان چیزوں میں خرابی پیدا ہوجاتی ہے۔کھانے کی چیزیں اگر کھلی چھوڑ دی جائیں تو مکھیاں، گرد اور بیماری پھیلانے



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

والے جراثیم ان کو آلودہ کر دیتے ہیں۔گرد و غبار، کارخانوں سے نکلنے والا دھواں اور مہلک گیسیں ہوا میں آلودگی پیدا کر دیتی ہیں۔ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے پینے کے پانی کےذخیرے کس طرح آلود ہوتے ہیں۔باؤلیوں، تالاوں اور نہروں کے پانی میں کپڑے دھوئے جاتے ہیں، مویشیوں کو نہلایا جاتا ہے، انسان بھی و ہیں نہاتے ہیں۔ اس طرح انسانوں اور جانوروں کی ساری گندگیاں باؤلیوں اور تالابوں میں داخل ہوجاتی ہیں اور پانی آلودہ ہوجاتا ہے۔ نالیوں کی گندگی اور کوڑا کرکٹ بھی بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔کارخانوں سے نکلنے والا میل کچیل اور کیڑے مار دواؤں کا چھڑ کاؤ بھی پانی کی آلودگی میں اضافہ کرتا ہے۔اس قسم کی گندگیاں پانی میں آکسیجن کی مقدار کم کر دیتی ہیں جس کی وجہ سے مچھلیاں مر جاتی ہیں۔

(i) گرد و غبار، کارخانوں سے نکلنے والا د ھواں، ہوا میں کیا پیدا کر دیتے ہیں؟

(A) آلودگی (B) سادگی (C) بے قاعدگی (D) بے احتیاطی

(ii) نالیوں کی گندگی اور کوڑا کرکٹ کس چیز کا سبب بنتا ہے؟

(A) زندگی کا (B) بیماریوں کا (C) نہانے کا (D)صحت کا

(iii) بے احتیاطی اور بے قاعدگی سے ہوا ، پانی اور غذا میں کیا پیدا ہو جاتا ہے؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے۔)

(iv) کھانے کی چیزیں اگر کھلی چھوڑ دی جائیں تو کیا ہو گا؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے۔)

(v) پانی میں آکسیجن کی مقدار کم ہونے سے کیا ہوتا ہے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے؟)

**سوال نمبر3۔** مندر جہ ذیل درسی شعری حصہ کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیےگئے سوالوں کے جواب(1x5=5) لکھیے۔

لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے — اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے — پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے
کم ہوں گے اس بساط ہم جیسے بد قمار — جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے
ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ — ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے
دنیا نے کس کا راہ فنا میں دیا ہے ساتھ — تم بھی چلے چلو یوں ہی جب تک چلی چلے

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(A)نظم (B) غزل (C)رباعی (D) قصیدہ



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

(ii) درج بالااشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) فراق گور کھپوری (B) اکبر الہ آبادی یاس یگانہ چنگیزی (D) شیخ ابراہیم ذوق

(iii) یہاں لفظ " قضا" کے کیا معنی ہیں؟(ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) اگر عمر خضر بھی مل جائے تو موت کے وقت کیا کہیں گے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے۔)

(v) شاعر دنیا سے دل نہ لگانے کو کیوں بہتر سمجھتا ہے؟ (ایک جملے ہیں جواب دیجیے۔)

**سوال نمبر4۔** مندرجہ ذیل غیردرسی شعری حصہ کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دئے گئے سوالوں جواب (1x5=5) لکھئے۔

دنیا کی محفلوں سے اکتا گیا ہوں یا رب کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو
مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری دامن میں کوہ کے اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو
آزاد فکر سے ہوں عزلت میں دن گزاروں دنیا کے غم کا دل سے کانٹا نکل گیا ہو
لذت سرود کی ہو چڑیوں کے چہچہوں میں چشمے کی شورشوں میں باجا سا بج رہا ہو
گل کی کلی چٹک کر پیغام دے کسی کا ساغر ذرا سا گویا مجھ کو جہاں نما ہو

(i) شاعر کس چیز سے اکتا گیا ہے؟

(A) محفلوں سے (B) گھومنے سے (C) گانے سے (D) کام کرنے سے

(ii) شاعر کس چیز سے بھاگتا ہے؟

(A) کام سے (B) گھر سے (C) شورش سے (D) پڑھائی سے

(iii) چشمے کی شورشوں میں کیا بج رہا ہے؟ ایک لفظ میں جواب دیجیے۔

(iv) شاعر کس چیز سے آزاد ہونا چاہتا ہے؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) گل کی کلی چٹک کر کیا دے رہی ہے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

## Section B (حصہ ب)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 250 سے300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (10)

(i) میرا پسندیدہ شاعر۔

(ii) قومی یکجہتی۔

(iii) ٹیلی ویژن کے فائدے اور نقصان۔

(iv) بےروز گاری۔

**سوال نمبر6۔** اپنے پرنسپل کے نام درخواست لکھ کر اپنی جماعت کو سائنس میوزیم لے جانے کی اجازت لیجیے۔ (4)

**یا**

پنی بڑی بہن کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیے۔

**سوال نمبر7۔** افسانہ "بھولا" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (4)

**یا**

مولوی عبدالحق کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

**سوال نمبر8۔** نظم" گرمی اور دیہاتی بازار" کا خلاصہ لکھیے۔ (3)

**یا**

یاس یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی پر مختصراً نوٹ لکھیے۔

**سوال نمبر9۔** علی عباس حسینی کے افسانے "آئی- سی- ایس" کا خلاصہ لکھیے۔ (4)

**یا**

افسانہ "سلطان" میں افسانہ نگارنے کون سی سچائی بیان کی ہے؟

## Section C (حصہ ج)

**سوال نمبر10۔** 'فعل اور فعل کی اقسام' کے بارے میں درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5)

(i) درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے اور زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسم لکھیے۔

(الف) ڈاکٹر مریض کو دیکھ رہا ہے۔

(ب) رضیہ امتحان میں اوّل آئی۔



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27 Your text here 5

(ج) رضوان کل لکھنؤ جائے گا۔

(v) رضیہ سلطانہ باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔

(ii) درج ذیل میں سے فعل معروف کی درست تعریف بتائیے:

(الف) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔

(ب) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہیں ہو۔

(ج) وہ فعل جس کا فاعل چست ہو۔

(د) وہ فعل جس کا فاعل سست ہو۔

(iii) درج ذیل میں سے فعل مجہول کی درست مثال چنیے:

(الف) شمیم نے غریبوں میں کھانا تقسیم کیا۔

(ب) آج طلبا کو انعامات دیئے گیے۔

(ج) ہم نے کھانا کھالیا ہے۔

(د) وہ لوگ دفتر کے کام کر رہے ہیں۔

**سوال نمبر 11۔ 'علمِ بیان اور علمِ بدیع' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔** (3+1+1=5)

(i) درج ذیل جملے تشبیہ، استعارہ اور تلمیح کی مثالیں ہیں۔ ہر جملے کے بارے میں بتائیے کہ اس میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(الف) میں نے عامر کی عادتوں پر غور کیا تو معلوم ہوا کہ وہ فرشتے کی مانند ہے۔

(ب) اپنے بیٹے کی تعریف کرتے ہوئے اس نے کہا 'میرا بیٹا رستم ہے'۔

(ج) اُس سے بات کرنے کے لیے کوہِ طور پر جانے کی ضرورت نہیں۔

(ii) کلام میں دو ایسے الفاظ استعمال کرنا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں، کیا کہلاتا ہے؟ (متبادل جوابوں میں سے درست جواب چن کر لکھیے)

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) تضاد



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

(iii) درج ذیل میں سے حسنِ تعلیل کسے کہتے ہیں؟(متبادل جوابوں میں سے درست جواب چن کر لکھیے)

(الف) کسی بات کا فرضی سبب بیان کرنا (ب) کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنا

(ج) کلام میں متضاد الفاظ جمع کرنا (د) کسی لفظ کو مجازی معنی میں استعمال کرنا

**سوال نمبر 12۔ 'محاورے اور کہاوتیں' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔** (3+1+1=5)

(i) درج ذیل میں سے تین محاوروں کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجیے۔

(a) نو دو گیارہ ہونا۔ (b) پانی پانی ہونا۔ (c) اپنا راگ الاپنا۔

(d) آستین کا سانپ ہونا۔ (e) پاپڑ بیلنا۔

(ii) درج ذیل میں سے کس کے آخر میں فعل آنا ضروری ہے؟(متبادل جوابوں میں درست جواب چن کر لکھیے)۔

(a) محاورہ (b) کہاوت (c) فقرہ (d) روز مرہ

(iii) درج ذیل میں کہاوت کی نشاندہی کیجیے: (متبادل جوابوں میں درست جواب چن کر لکھیے)

(a) آنکھ میں خار لگنا (b) لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا

(c) لاکھ کا گھر خاک ہو گیا (d) آنکھوں پر پردہ پڑ جانا

**سوال نمبر 13۔** 'رموزِ اوقاف' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (1+1=2)

(i) درج ذیل میں سے 'رابطہ' کی علامت بتائیے؟(متبادل جوابوں میں سے درست جواب چن کر لکھیے۔)

(a)؟ (b)؛ (c) ! (d) :

(ii) اس علامت کو کیا کہتے ہیں جو کسی ایک لفظ یا فقرے کے بعد تھوڑا سے ٹھہرنے کے لیے لگاتے ہیں؟(متبادل جوابوں میں سے درست جواب چن کر لکھیے)۔

(a) ختمہ (b) سکتہ (c) رابطہ (d) سوالیہ

**سوال نمبر 14۔ 'شعری اصطلاحات' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔** 2+1=3

(i) 'قافیہ' کسے کہتے ہیں؟ درج ذیل شعر کے قافیے لکھیے:



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

آلام روزگار کو آساں بنادیا          جو غم ہوا، اُسے غم جاناں بنادیا

(ii)غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟(متبادل جوابوں میں سے درست جواب چُن کر لکھیے)۔

(a)مطلع          (b)حسنِ مطلع          (c)مقطع          (d)قطعہ

## Section D (حصہ د)

**سوال نمبر15۔** درج ذیل میں سے صرف دوسوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) سرسید نے راجہ رام موہن رائے کو کس عمر میں دیکھا تھا؟

(ii) نیا قانون کے آنے سے منگو کوچوان کیوں خوش تھا؟

(iii) مایا نے اپنے کپڑے اور زیورات کا کیا کیا؟

(iv) مخلوط زبان سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر16۔** درج ذیل میں سے صرف دوسوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) "خیموں کا اک جنگل دیکھا" سے اکبر الٰہ آبادی کی کیا مراد ہے؟

(ii) "عمر خضر" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) فانؔی نے دل کو "نرالی بستی"کیوں کہا ہے؟

(iv) تلوک چند محروم نے "حسن عمل اور راست گوئی " سے کیا سمجھانا چاہا ہے؟

**سوال نمبر 17۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) مصنف نے نور خاں کو "گدڑی کا لال" کیوں کہا ہے؟

(ii) سلطان کو زیبو خالہ کا باہر جانے پر ٹوکنا کیوں برا لگتا تھا؟

(iii) مصنف نے جب فقیر کو نوکری کی پیشکش کی تو اس نے کیا تنخواہ مانگی اور کیوں؟

(iv) کس کھیل کو کھیلوں کا راجا کہا گیا ہے اور کیوں؟

**سوال نمبر18۔** درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھئے۔ (3)

ڈرامہ۔          افسانہ۔          غزل۔



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.